लाड़ला

لاڈلا

اداکاران

بلراج ساہنی۔ نروپا رائے

مکری

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

لاڈلا فلم کے گانے

گانا نمبر ا

یہ آنکھوں کی دُنیا ہے تجھ سے جوان
تو نے بسایا ہے میرا جہان
میری دُعا ہے جا رے

چھوٹے سے راہی تو جائے جہاں
کھل جائے خوشیوں کی بگیا وہاں
میرا جیا موہ لیا۔ احسان کتنا مجھ پہ کیا
مجھے کیا دیا کیا کیا نہ دیا سب دیا

گانا نمبر ۲: دل یہ دل تیری منزل
نادان سنبھل یوں نہ مچل اب آنے والی ہے
یہ جس کے لئے دھڑکا کیا
ساون کی راتوں میں
وہی دیکھنا بس میں تجھے کرے گا دو باتوں میں
او بے خبر کوئی ادھر لہرا کے جب آئے گا
ہوا سامنا تجھے تھامنا
بار بار تو گائے گا
میں باوری تو بے خبر ہیں دونوں ہی دیوانے
میرا بلم تیرا صنم سمجھ ایک دو پیر دانے

گانا نمبر ۳:- پاس آکر تو نہ یوں شرمایئے
دو گھڑی کا ساتھ ہے کھل جائیے
آپ کے دل میں جو ہے کہہ جائیے
ہم سنیں گے شوق سے فرمایئے
سوچتا ہوں میں کہوں یا نہ کہوں
چپ رہا ہوں آج تک چپ ہی رہوں
دیکھیئے اب اور نہ الجھایئے
بات یہ ہے ہو گیا ہے مجھکو وہ۔ وہ
وہ کیا
وہ وہ سمجھ لو نہ کہ وہ
وہ کا مطلب آپ ہی سمجھایئے
جس کے پہلے پا ہے اور پیچھے ہے را را
ہم سنیں گے
ہاں بیچ میں کیسے کہوں آتا ہے یا
یہ عجب سر گم ہے پھر سے گایئے
گانا نمبر ۴:- یا مالک دلوا دے
اک لڑکی بھولی بھالی
گوری گوری گھنگھرے جوڑے والی
زلف ہو جس کی ناگن کالی
ڈسنے والی ہائے ڈسوا دے
جب میں بین بجاؤں تو وہ جھومتی آئے

جب میں پاس بلاؤں تو وہ ٹھہر جائے
جب میں پیچھے دوڑوں تو وہ ہاتھ نہ آئے
باتیں ہوں جس کی میٹھی رس
برسانے والی ملوا دے
ہے ماں ملوا دے
لڑکا اک سیدھا سادھا
عقل ہو تھوڑی اور پیسہ زیادہ
ملوا دے جلدی ہے اک ایسا بدھو
شہزادہ ملوا دے
جب میں کر دوں اشارہ
وہ بٹوا خالی کر دے
جب میں شاپنگ جاؤں
وہ میری جھولی بھر دے
جب میں ہاتھ اٹھاؤں
وہ منہ کو آگے کر دے
ناز اٹھائے ہو مرنے کو وہ
ہر دم آمادہ ملوا دے ———
گگا: بالم رے، کون بچہ تو ماں کہے گا
تو کسی کی ماں نہیں
تیرے دل میں ممتا کا
ایک بھی ارمان نہیں

پھول جس ڈالی سے نکلا
حق اسی ڈالی کا ہے
تیری ہستی تیرا درجہ
تو فقط مالی کا ہے
جھوٹ کو سچ کر دکھلاتا
اس قدر آسان نہیں
سوچ جس کا یہ جگر ہے
آج وہ روتی ہے کیوں
تو کسی کے آنسوؤں سے
اپنا منہ دھوتی ہے کیوں
جو خوشی چھینے کسی کی
وہ کوئی انسان نہیں
گانا بہار بیتنے میں محبت کا پہلا
ارمان تمہاری دولت ہے
یہ دل ہے تمہاری ملکیت
یہ جان تمہاری دولت ہے
انداز دھڑکنے کا سیکھا
اس دل نے تمہاری آنکھوں سے
اس دل پہ تمہاری آنکھوں کا
احسان تمہاری دولت ہے
کیا چیز محبت ہوتی ہے

اب تک یہ ہمیں معلوم نہیں
جتنی بھی ہوئی ہے اُلفت سے
پہچان تمہاری دولت ہے

گانا نمبر ۷ آنکھوں کی دنیا ہے تجھ سے جواں
تو نے بسایا ہے میرا جہاں
میری دعا ہے جا رے
چھوٹے سے راہی تو جائے جہاں
کھل جائے خوشیوں کی بگیا وہاں
تیری خوشی دنیا میری
قربان تجھ پہ میری زندگی
مجھے تو ملا مجھے تو جو ملا سب کچھ ملا
تمام شد

کاشتکاری باغبانی
بیج۔ کھاد۔ ترکاریاں ساگ۔ بکری۔ ادرک
گوبھی۔ کھیرا۔ اجوائن۔ سنگھاڑا۔ کریلا۔ تربوز۔ سیم۔ چقندر
اناج کی کھیتی۔ پھولوں کی کھیتی۔ باغبانی میں کام کرنے والے اوزار۔ اور سبھی ساگ سبزیوں کا جو اس زمانے میں پیدا ہوتی ہیں۔ پورا حال درج ہے۔
قیمت صرف ۱/۱۰ مع ڈاک خرچ
زمن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اُردو انگلش میٹرک پاس

دُنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے۔ دُنیا کے چھوٹے بڑے بیوپاریوں میں ملوں اور کارخانوں میں غرضیکہ دُنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ آپ اگر انگریزی نہیں جانتے تو آپ دُنیا سے الگ تھلگ پڑے رہیں گے۔ اسلئے انگریزی سیکھئے۔ انگریزی خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے گھر والوں سے انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں آپ بھی صرف ایک گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں سیکھ سکتے ہیں۔ اور انگریزی میٹرک کی قابلیت حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ بہت آسان زبان میں لکھی گئی ہے۔ صرف انگریزی میں میٹرک کا امتحان دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس اکیلی کتاب کی مدد سے پاس ہو گئے ہیں۔ جلد منگوا کر فائدہ اُٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے بمعہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

ریڈیو گائیڈ

ریڈیو کے کام کو بطور پیشہ اختیار کرنے کے علاوہ شوقیہ فائدہ اٹھا سکتے

ہیں۔ اس کتاب میں آجکل کے تمام ریڈیو ریسیور یعنی
الیکٹرک سیٹ۔ آل انڈیا ریڈیو سیٹ بجلی اور بیٹری کے ریڈیو
ٹرانسمشن کا پورا پورا بیان ہے۔ اور اُن کے ریپیئر کرنے
کا طریقہ اور ٹرانسمیٹر کا پورا پورا حال درج ہے۔
ریڈیو ریسیور کے ہر ایک پرزے کی شکل دیکر سمجھایا گیا
ہے۔ کتاب ہذا ایک مبتدی یعنی جو آدمی ریڈیو کے
متعلق کچھ بھی نہیں جانتا۔ اس کے لئے ریڈیو کے متعلق
بہترین مقالات اور اشارات اور نکات مفصل طور سے
درج ہیں۔ قصہ کوتاہ ریڈیو کے متعلق تمام باریکیاں بخوبی
سمجھائی گئی ہیں۔ جن کی مدد سے ہر ایک تھوڑی سی مشق
اور توجہ کے بعد ماسٹر آف آرٹ بن سکتا ہے۔ عوام
ریڈیو کے کاروبار سے تعلق رکھنے والے حلقوں
میں بیحد پسند کیا ہے۔ ریڈیو رکھنے والے
حضرات آج ہی اس نادر کتاب کی ایک جلد
منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپیہ علاوہ ڈاک خرچ

نیشنل ایجنٹ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی

بمطبع ... المطابع ... پریس دہلی